لرنر پرمٹ کے بارے میں اہم معلومات

NEW YORK STATE OF OPPORTUNITY. | Department of Motor Vehicles

نیو یارک اسٹیٹ کا قانون ڈرائیوروں سے کوئی ایسی موٹر گاڑی چلاتے وقت حفاظتی بندشیں استعمال کرنے کا تقاضا کرتا ہے جس کا حفاظتی بندشوں سے آراستہ ہونا ضروری ہے۔ درجہ DJ کا لرنر پرمٹ رکھنے والا کوئی ڈرائیور جب گاڑی چلائے تو، گاڑی میں موجود ہر مسافر کو حفاظتی بندشیں (سیٹ بیلٹ، سیٹ بیلٹ اور کندھے پر لگانے کے پٹے کا کمبینیشن، بچہ بندش سیٹ) استعمال کرنا ضروری ہے۔

اگر آپ کے پاس لرنر پرمٹ ہے تو، آپ پر درج ذیل پابندیاں لاگو ہوتی ہیں:

- آپ تب تک گاڑی نہیں چلا سکتے جب تک نگرانی کرنے والا ڈرائیور گاڑی میں آپ کے ساتھ نہ ہو۔ نگرانی کرنے والے ڈرائیور کی عمر 21 سال یا اس سے زیادہ ہونا ضروری ہے اور آپ جس قسم کی گاڑی میں ہیں ویسی گاڑی چلانے کے لیے درست لائسنس اس کے پاس ہونا ضروری ہے۔ اگر وہ گاڑی موٹر گاڑی یا موپیڈ ہے تو، صرف نگرانی کرنے والا ڈرائیور ہی اس پر آپ کے ساتھ سوار ہو سکتا ہے۔ تاہم، موٹر سائیکل یا موپیڈ پر آپ کے ساتھ سوار ہونے کی بجائے، نگرانی کرنے والا ڈرائیور آپ کے پیچھے چل کر اور آپ سے ایک چوتھائی میل کے اندر رہ کر، ہمہ وقت آپ کو نگاہوں میں رکھ کر آپ کو "عمومی رہنمائی" فراہم کر سکتا ہے۔
- آپ کو ایسی گاڑی چلانے کی اجازت نہیں ہے جس پر خطرناک مٹیریل ہو۔
- آپ DMV کی جانب سے روڈ ٹیسٹ ایریا کے بطور نامزد کسی علاقے میں گاڑی نہیں چلا سکتے، سوائے اس کے جب آپ روڈ ٹیسٹ دے رہے ہوں۔
- آپ درج ذیل سڑکوں پر گاڑی نہیں چلا سکتے:
  - ایسی گلی جو نیو یارک سٹی میں کسی پارک میں ہو
  - نیو یارک سٹی میں کوئی پل یا سرنگ جو ٹرائبونل بریج اینڈ ٹنیل اتھارٹی کے دائرہ اختیار کے تحت ہو۔
  - ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی میں درج ذیل پارک وے:
    - Hutchinson River Pkwy.
    - Cross County Pkwy.
    - Saw Mill River Pkwy.
    - Taconic State Pkwy.

<u>اوپر مندرج پابندیوں کے علاوہ، درجہ DJ یا درجہ MJ کا لرنر پرمٹ رکھنے والے کسی بھی شخص پر درج ذیل پابندیاں لاگو ہوتی ہیں:</u>

- 21 سال سے کم عمر کی زیادہ سے زیادہ 1 سواری کو جو فیملی ممبر نہ ہو گاڑی میں اجازت ہے۔ اگر نگرانی کرنے والا ڈرائیور والدین، سرپرست، ڈرائیور ایجوکیشن ٹیچر یا ڈرائیونگ اسکول انسٹرکٹر ہو تو اس کا اطلاق نہیں ہوتا ہے۔
- نگرانی کرنے والے ڈرائیور کے علاوہ کسی بھی مسافر کو سامنے کی سیٹ پر بیٹھنے کی اجازت نہیں ہے۔
- اگر آپ نیچے کی جدول میں دکھائے گئے 3 علاقوں میں ڈرائیونگ کرتے ہیں تو، آپ پر ہر علاقے کے لیے بیان کردہ اصولوں پر عمل کرنا لازم ہے:

نیو یارک سٹی: (تمام 5 بورو)	لانگ آئلینڈ (سفولک اور ناسا)	اپ اسٹیٹ نیویارک (تمام دیگر کاؤنٹیز)
صبح 5 بجے تا رات 9 بجے	**صبح 5 بجے تا رات 9 بجے**	**صبح 5 بجے تا رات 9 بجے**
آپ صرف اس وقت گاڑی چلا سکتے ہیں جب آپ دوہرے کنٹرول والی گاڑی (انسٹرکٹر بریک) میں ہوں اور جب آپ والدین، سرپرست، "لوکو پیرنٹیس" میں موجود شخص، ڈرائیور ایجوکیشن ٹیچر، یا ڈرائیونگ اسکول انسٹرکر کی ہمراہی میں ہوں جس کی عمر 21 سال یا زائد ہو اور جس کے پاس آپ جس قسم کی گاڑی میں ہیں ویسی گاڑی چلانے کے لیے درست ڈرائیونگ لائسنس ہو۔	آپ صرف اس وقت گاڑی چلا سکتے ہیں جب آپ والدین، سرپرست، "لوکو پیرنٹیس" میں موجود شخص، ڈرائیور ایجوکیشن ٹیچر، یا ڈرائیونگ اسکول انسٹرکر کی ہمراہی میں ہوں جس کی عمر 21 سال یا زائد ہو اور جس کے پاس آپ جس قسم کی گاڑی میں ہیں ویسی گاڑی چلانے کے لیے درست ڈرائیونگ لائسنس ہو۔	آپ صرف اس وقت گاڑی چلا سکتے ہیں جب آپ 21 سال یا زیادہ عمر کے ایسے شخص کی ہمراہی میں ہو جس کے پاس آپ جس قسم کی گاڑی میں ہیں ویسی گاڑی چلانے کے لیے درست ڈرائیونگ لائسنس ہو۔
رات 9 بجے تا صبح 5 بجے	**رات 9 بجے تا صبح 5 بجے**	**رات 9 بجے تا صبح 5 بجے**
آپ کو کسی بھی حال میں گاڑی نہیں چلانی چاہیے۔	آپ کو کسی بھی حال میں گاڑی نہیں چلانی چاہیے۔	آپ صرف اس وقت گاڑی چلا سکتے ہیں جب آپ والدین، سرپرست، "لوکو پیرنٹیس" میں موجود شخص، ڈرائیور ایجوکیشن ٹیچر، یا ڈرائیونگ اسکول انسٹرکر کی ہمراہی میں ہوں جس کی عمر 21 سال یا زائد ہو اور جس کے پاس آپ جس قسم کی گاڑی میں ہیں ویسی گاڑی چلانے کے لیے درست ڈرائیونگ لائسنس ہو۔

روڈ ٹیسٹ کی اپائنٹمنٹ طے کرنے کے لیے

آپ اپنے روڈ ٹیسٹ کا شیڈول dmv.ny.gov/roadtest پر، یا خود کار روڈ ٹیسٹ شیڈولنگ سسٹم کو **1-518-402-2100** پر کال کر کے طے کر سکتے ہیں۔ آپ سے 5 گھنٹے کا ہائی وے سیفٹی کورس یا ڈرائیور کی تعلیم کا کورس مکمل کر لینے پر اپنے لرنر پرمٹ یا لائسنس پر موجود 9 ہندسہ کا ID نمبر، **اور** آپ کو موصولہ سرٹیفکیٹ پر موجود کورس کی تکمیل کی تصدیق کا نمبر فراہم کرنے کو کہا جائے گا۔ اگر آپ کمرشیل ڈرائیونگ لائسنس کے درخواست دہندہ ہیں تو، آپ سے وہ نمبر پوچھا جائے گا جو ہنر ٹیسٹ فیس آپ کے ادا کرنے کے وقت آپ کو دی گئی رسید پر درج ہے۔

درجہ DJ یا MJ لرنر پرمٹ والے تمام پرمٹ برداروں کے نام نوٹس: روڈ ٹیسٹ دینے سے پہلے، **اپ کے پاس کم از کم 50 گھنٹے زیر نگرانی پریکٹس ڈرائیونگ ہونا ضروری ہے جس میں غروب آفتاب کے بعد کم سے کم 15 گھنٹے کی ڈرائیونگ شامل ہے۔** آپ کو روڈ ٹیسٹ میں ایک مکمل کردہ DMV فارم MV-262 (زیر نگرانی ڈرائیونگ کی تصدیق) لانا ضروری ہے جس پر والدین یا سرپرست کے دستخط ہوں۔ آپ کو یہ فارم dmv.ny.gov پر یا کسی بھی DMV آفس میں مل سکتا ہے، یا آپ DMV کال سنٹر کو کال کر کے ان سے ایک عدد مانگ سکتے ہیں۔

کمرشیل پرمٹ (CLP) والے تمام پرمٹ برداروں کے نام نوٹس: 7 فروری 2022 سے مؤثر، اگر آپ پہلی بار CDL کے لیے درخواست دے رہے ہیں یا ہزمیٹ، مسافر، یا اسکول بس کی تائید پہلی بار شامل کر رہے ہیں تو آپ کو CDL روڈ ٹیسٹ دینے سے پہلے داخلہ کی سطح کی ڈرائیونگ ٹریننگ (ELDT) مکمل کرنا ضروری ہے۔ خطرناک اشیاء کی معلومات کا ٹیسٹ دینے سے پہلے ہزمیٹ ELDT مطلوب ہوتا ہے۔ تربیت فراہم کنندہ کا FMCSA ٹریننگ پرووائیڈر رجسٹری https://tpr.fmcsa.dot.gov میں رجسٹرڈ ہونا ضروری ہے۔ ELDT کے تقاضوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے https://dmv.ny.gov/commercial-drivers/entry-level-driver-training-faq ELDT-FAQ پر جائیں۔

PLEASE RECYCLE KEEP NEW YORK GREEN